بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کنز المدارس کے نصاب کے مطابق

# صحیح بخاری کے مختصر سوالات


محمد ثاقب

جامعۃ المدینہ فیضانِ مدینہ کراچی


**نوٹ:** یہ سوال صرف کتاب المناقب کے حوالے سے بن سکے۔

# مختصر سوالات بمع جوابات

## کتاب المناقب

سوال. لوگوں میں سب سے زیادہ عزت والا شخص کون ہے؟

جواب: لوگوں میں سب سے زیادہ عزت والا شخص جو سب سے زیادہ متقی ہو۔

سوال: نبی پاک ﷺ نے کتنے برتنوں میں مشروب پینے سے منع فرمایا؟

جواب: نبی کریم ﷺ نے خشک کدو، سبز گھڑے، کھوکھلی لکڑی اور تارکول ملے ہوئے برتن میں مشروب پینے سے منع فرمایا۔

سوال: نبی پاک ﷺ کون سے قبیلے سے تھے؟

جواب: نبی پاک ﷺ نضر بن کنانہ کی اولاد میں سے تھی۔

سوال: لوگوں میں میں سب سے زیادہ برا شخص کون ہے؟

جواب: سب سے زیادہ برا شخص وہ ہے جس کے دو چہرے ہوں وہ اِن لوگوں کے ساتھ ایک چہرے سے ملاقات کرے اور اُن لوگوں کے ساتھ دوسرے چہرے سے ملاقات کرے۔

سوال: لوگوں کو معدنیات کے ساتھ تشبیہ دینے کی وجہ بیان کریں؟

جواب: لوگوں کو معدنیات کے ساتھ تشبیہ دینے کی وجہ یہ ہے کہ جس طرح معدنیات مختلف جواہر پر مشتمل ہوتی ہیں۔ تو اسی طرح لوگوں میں بڑھیا اور گھٹیا ہر قسم کے جواہر ہوتے ہیں، جو جاہلیت میں اچھا ہے وہ اسلام میں بھی اچھا ہو گا جو جاہلیت میں برا ہے تو وہ اسلام میں بھی برا ہو گا۔

سوال: حدیث پاک کی روشنی میں عمدہ لوگ کون ہے۔

جواب: سب سے عمدہ لوگ وہ ہیں جو امارات کو سب سے زیادہ ناپسند کرتے ہیں کیونکہ اسے معلوم ہے کہ لوگوں کے درمیان انصاف کرنا بہت مشکل ہے اور جو انصاف نہیں کرتا اس کے آخرت میں نجات مشکل ہو جاتی ہے۔

MUHAMMADSAQIB

سوال: لوگوں میں سب سے زیادہ برا شخص کون ہے؟

جواب: سب سے زیادہ برا شخص وہ ہے جس کے دو چہرے ہوں۔ دو چہرے والا منافق ہوتا ہے۔ وہ مسلمانوں کے ساتھ اور چہرے کے ساتھ ملتاہے اور کفار کے ساتھ اور چہرے کے ساتھ ملتاہے۔

سوال: الا المودۃ فی القربی '.. قربی سے کون لوگ مراد ہے؟

جواب: قربی سے نبی پاک ﷺ کے قرابت دار ہیں۔

سوال: فتنے کس جانب سے آئیں گے؟

جواب: فتنے مشرق کی طرف سے آئیں گے۔

سوال: حدیث پاک کی روشنی میں بے وفائی اور سنگدلی کن لوگوں میں ہے؟

جواب: نبی پاک کے فرمان کے مطابق بے وفائی اور سنگدلی ربیعہ یا اور مضر کے لوگوں میں ہے۔

سوال: تکبر اور نرمی کن لوگوں میں ہے؟

جواب: فخر اور تکبر چیخنے اور چلانے والے اونٹوں کو چرانے والوں میں ہے اور نرمی بکریاں چرانے والوں میں ہے۔

سوال: یمن اور شام کی وجہ تشبیہ قلمبند فرمائیں؟

جواب: یمن کو یمن اس لیے کہا جاتا ہے کہ وہ کعبے کی دائیں جانب ہے، اور شام کو شام اس لیے کہا جاتا ہے کہ وہ کعبے کے بائیں جانب ہے۔

سوال: قریشی کن کو کہا جاتا ہے؟

جواب: نضر کی اولاد کو قریشی کہا جاتا ہے۔

سوال: نبی پاک ﷺ کن کی اولاد میں سے ہے؟

جواب: نبی پاک ﷺ کے نضر بن کنانہ کی اولاد میں سے ہیں۔

MUHAMMAD SAQIB

سوال: اللہ اور رسول کی مدد کرنے والے قبائل کے نام بتائیں؟

جواب: اللہ ورسول کی مدد کرنے والے پانچ قبائل مندرجہ ذیل ہیں۔ قریش، انصار، جہینہ، مزینہ، اسلم، اشجع اور غفار

سوال: یمن، ربیعہ اور مضر کی نسبت کن کی طرف ہے؟

جواب: یمن کی نسبت حضرت اسماعیل بن ابراہیم کی طرف ہے اور ربیعہ اور مضر کی کی نسبت حضرت اسماعیل کی طرف ہے۔

سوال: اسلم بن افصی بن حارثہ کون سے قبیلے سے ہیں؟

جواب: اسلم بن افصی بن حارثہ اہل یمن سے اور قبیلہ خزاعہ سے ہیں۔

سوال: قبیلہ اسلم کن کی اولاد میں سے ہے؟

جواب: قبیلہ اسلم حضرت اسماعیل کی اولاد سے ہے۔

سوال: اپنا نسب تبدیل کرنے کی وعید قلمبند کریں؟

جواب: نبی پاک ﷺ نے فرمایا۔ جس شخص نے بھی علم کے باوجود اپنے آپ کو آپنے باپ کے غیر کی طرف منسوب کیا وہ کافر ہے۔ اور جس شخص نے بھی اپنے آپ کو اس قوم کی طرف منسوب کیا جس سے وہ نہیں ہے، وہ اپنا ٹھکانہ دوزخ میں بنا لے۔

سوال: حدیث مبارکہ میں سب سے بڑی جھوٹی بات کون سی ہے؟

جواب: حضور ﷺ نے فرمایا۔ سب سے بڑی جھوٹی باتوں میں سے یہ باتش ہے کہ کوئی شخص (اپنے آپ کو) باپ کے غیر کی طرف منسوب کرے یا جو چیز اس نے خواب میں نہیں دیکھی اس کو دیکھنے کا دعوی کرے یا نبی پاک کے متعلق وہ بات کہے جو آپ نے نہیں فرمائی۔

سوال: غفار، اسلم اور عصیہ کے بارے میں نبی پاک نے کیا فرمایا؟

جواب: حضور ﷺ نے فرمایا۔ غفار کی اللہ مغفرت فرمائے اور اسلم کو اللہ سلامت رکھے آگے اور عصیہ نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی ہے۔

سوال: قیامت کی دو نشانیاں لکھیں؟

MUHAMMAD SAQIB

جواب: **نمبر1** حدیث پاک میں ہے قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہو گی یہاں تک کہ قحطان سے ایک شخص نکلے گا۔ وہ لوگوں کو اپنے لاٹھی سے ہنکا کر لے جائے گا۔

**2:** قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہو گی جب تک 30 کے قریب دجال اور کذاب نہ آجائیں۔

**3:** قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہو گی جب تک دو ایسی جماعتیں آپس میں قتال نہ کریں جن دونوں کی دعوت واحد ہو۔

سول: سورہ نصر کی پہلی آیات کے بارے میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کیا فرمایا؟

جواب: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی اور معیاد کا ذکر ہے۔

سوال: **ضرب الخدود وشق الجیوب** کا معنی کیا ہے؟

جواب: چہرے پر طمانچہ مارنا اور گریبان پھاڑنا۔

سوال: بحیرہ سے کیا مراد ہے؟

جواب: بحیرہ وہ جانور ہے جس کا دودھ بتوں کے لیے روک دیا جاتا تھا جسے کوئی شخص نہیں دوہتا تھا،

سوال: سائبہ کا معنی بیان کریں؟

جواب: سائبہ وہ جانور ہے جسے اپنے معبودوں کے لیے چھوڑ دیا جاتا اور اس پر کچھ نہیں لاتا جاتا تھا۔

سوال: سائبہ کی رسم ایجاد کرنے والے کا نام کیا ہے؟

.جواب: عمرو بن عامر لُحی بن قمعہ بن خندف ہے۔ یہ خزاعہ کا باپ تھا

سوال: صابیء کسے کہتے ہیں؟

جواب: جو شخص ایک چیز سے دوسری چیز کی طرف منتقل ہو، عرب کے لوگ دین بدلنے کو صابیء کہتے ہیں۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کس کے بیٹے ہیں؟

جواب: عبد المطلب

MUHAMMAD SAQIB

سوال: نبی پاک کے پانچ نام ذکر کریں؟

جواب:☆محمد ☆احمد ☆ماحی ☆حاشر ☆عاقب

سوال: خاتم النبیین ﷺ پر ایک حدیث قلمبند فرمائے؟

جواب: نبی پاک ﷺ نے فرمایا۔ میری مثال اور انبیائے سابقین کی مثال اس مرد کی طرح ہے جس نے ایک مکان بنایا پس اس کو بہت حسین و جمیل بنایا مگر اس کے کونے میں ایک اینٹ کی جگہ چھوڑ دی۔ پس لوگ اس مکان کے گرد چکر لگاتے اور اس کی تعریف کرتے اور کہتے ہیں کہ اس میں وہ اینٹ کیوں نہ رکھی گئی! پس میں وہ نہیں ہوں اور میں خاتم النبیین ہوں۔

سوال: **لَبِنَةٌ** کا معنی کیا ہے؟

جواب: اس کا معنی ہے۔ اینٹ

سوال: نبی پاک ﷺ کے حسن مصطفی کو مختصر نوٹ بیان کریں؟

جواب: آپ کا قد درمیانہ تھا، نہ لمبا نہ چھوٹا تھا۔ آپ کا رنگ کھلتا ہوا تھا، نہ سفید تھا اور نہ ہی گندمی تھا۔ آپ کے سر اور داڑھی مبارک میں بیس سے زیادہ سفید بال نہیں تھے۔ نبی پاک کی کنپٹیوں میں کچھ سفیدی تھی نبی پاک کا سینہ کشادہ تھا۔ آپ کے سر کے بال کانوں کی لو تک پہنچتے تھے۔

سوال: **شفر البئر** کا معنی کیا ہے؟

جواب: کنویں کی منڈیر

سوال: قحطان کی نشانیاں بیان کریں؟

جواب: ان کی چہرے سرخ ہوں گے، ان کی ناک چپٹی ہو گی، آنکھیں چھوٹی ہوں گی، ان کے چہرے تہ بہ تہ ڈھال کی طرح ہوں گے اور ان کے جوتے بالوں کے ہوں گے۔

MUHAMMADSAQIB

سوال: حوزاور کرمان کس کے شہر ہیں؟

جواب: ایران

سوال: حدیث مبارکہ میں نبی پاک ﷺ نے عبقری کس شخص کو کہا ہے؟

جواب: حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سوال: عبقری کس شخص کو کہتے ہیں؟

جواب: جو غیر معمولی صلاحیتوں کا حامل ہو اور اپنے کام میں ماہر ہو۔

سوال: گھوڑے کی کتنی اقسام ہیں؟

جواب: گھوڑے تین قسم کے ہیں۔ ایک قسم مرد کے لیے باعثِ اجر ہے دوسری مرد کے لیے پردہ پوشی کا سبب ہے اور تیسری قسم مرد کیلئے گناہ ہے۔

سوال: عِصَابَةٌ دَسْمَاءَ کا معنیٰ کیا ہے؟

جواب: اس کا لفظی معنیٰ چکنی پٹی ہے لیکن حدیث میں اس سے مراد سیاہ پٹی ہے۔

سوال: کون سا گھوڑا اجر کا باعث ہے؟

جواب: گھوڑا جو مرد کے لیے باعث اجر ہے یہ وہ گھوڑا ہے جس کو اس نے اللہ کے راستہ میں باندھا ہے، پس اس کی رسی چراگاہ میں یا باغ میں لمبی کر رکھی ہے وہ اس چراگاہ یا باغ کے طول میں جو کچھ چرتا ہے وہ اس کی نیکیاں ہوتی ہیں، اگر وہ اپنی رسی تڑا کر ایک بلندی پر یا دو بلندیوں پر جائے تو اس کی لید بھی اس کی نیکیاں قرار پاتی ہیں اور اگر وہ کسی دریا کے پاس سے گزر کر پانی پیئے، خواہ مالک کا ارادہ اس کو پانی پلانے کا نہ ہو تو یہ بھی اس کی نیکیاں شمار ہوتی ہیں

سوال: کون سا گھوڑا پردہ پوشی کا باعث ہے؟

جواب: یہ وہ گھوڑا ہے کہ ایک مرد نے گھوڑا ضرورت کی وجہ سے اور پردہ پوشی کے لیے اور سوال سے بچنے کے لیے باندھا ہے اور وہ اس گھوڑے کی گردن اور اس کی پیٹھ میں اللہ تعالیٰ کے حق کو نہیں بھولتا تو یہ گھوڑا اس کے لیے پردہ پوشی کا باعث ہو گا۔

MUHAMMADSAQIB

**سوال: کون سا گھوڑا گناہ کا باعث ہے؟**

جواب: اس کی صورت یہ ہے کہ ایک مرد نے گھوڑا فخر کرنے کے لیے اور ریاکاری کے لیے اور مسلمانوں سے عداوت کرنے کے لیے باندھا ہے، پس یہ گھوڑا باعث گناہ ہے۔

**سوال: فضائل کی وجہ تسمیہ بیان کریں؟**

جواب: فضائل، فضیلت کی جمع ہے۔ لغت میں میں فضل کا معنیٰ اضافہ اور زیادہ ہے۔ فضائل سے مراد وہ خصائل اور اوصاف ہیں جو پسندیدہ اور لائق مدح ہوں۔

**سوال: صحابی کی تعریف کریں۔**

جواب: بخاری شریف کی روشنی میں وہ مسلمان جس نے نبی کریم ﷺ کی صحبت اختیار کی ہو یا نبی کریم ﷺ کو دیکھا ہو، وہ شخص آپ ﷺ کا صحابی ہے۔

**سوال: تُرِيحُونَ اور تَسۡرَحُونَ کا معنیٰ کیا ہے؟**

جواب: تریحون کا لفظ سہ پہر کے وقت جانے کے لئے بولا جاتا ہے ہے اور تسرحون کا لفظ صبح کے وقت جانے کے لئے بولا جاتا ہے۔

**سوال: حضرت ابو بکر صدیق کے دو فضائل بیان کریں؟**

جواب: ☆ حضرت ابن عمر ؓ فرماتے ہیں۔ ہم نبی ﷺ کے زمانہ میں لوگوں کے درمیان فضیلت دیتے تھے پس ہم حضرت ابو بکر کو فضیلت دیتے پھر حضرت عمر بن الخطاب کو پھر حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہم کو۔

☆ نبی پاک ﷺ نے فرمایا۔ اگر میں اپنی امت میں سے کسی کو خلیل بناتا تو ابو بکر کو بناتا لیکن وہ میرے (دینی) بھائی ہیں اور میرے دوست ہیں۔

**سوال: غزوہ ذات السلاسل کی وجہ تسمیہ لکھیں؟**

جواب: اس غزوہ کو ذات السلاسل اس لئے کہتے ہیں کہ اس غزوہ میں مشرکین نے ایک دوسرے کو زنجیروں سے باندھ لیا تھا اس خوف سے کہ وہ بھاگ نہ جائیں۔

MUHAMMADSAQIB